پریس ریلیز

گھروں میں بند ذہنی امراض میں مبتلا بچوں کی بہتر دیکھ بھال کے لیے آغا خان یونیورسٹی کی جانب سے والدین کے لیے مفت آن لائن تربیت

کراچی، 3 جولائی، 2020

آغا خان یونیورسٹی متعدد اداروں کے ساتھ اشتراک میں مفت آن لائن تربیتی سیشنز کا آغاز کررہی ہے تاکہ ذہنی امراض میں مبتلا بچوں اور جسمانی نشوونما کے مسائل کے حامل بچوں کے والدین کی تربیت اور صلاحیت سازی کی جاسکے۔ یہ سہولت خصوصاً ان والدین کو فراہم کی جائے گی جن کے بچوں کے علاج میں کووڈ-19 عالمی وبا کے باعث رکاوٹ واقع ہوئی ہے۔

یہ اشتراک ملک بھر میں موجود بچوں کی صحت کے ماہرین بشمول ڈیولپمنٹل پیڈیاٹریشنز، اسپیچ اینڈ اوکیوپیشنل تھیراپسٹس، پیڈیاٹرک سائکیاٹرسٹس اور پیڈیاٹرک سائیکولوجسٹس کے ساتھ ساتھ رضاکارانہ طور پر کام کرنے والے طلبا ڈاکٹرز کو ایک پلیٹ فارم پر یکجا کرے گا۔

ان سیشنز میں والدین گھر پر رہتے ہوئے مرض سے بحالی فراہم کرنے والی دیکھ بھال اور ضروری علاج معالجہ فراہم کرنے کی تربیت حاصل کریں گے تاکہ معمول کے مطابق ملنے والے علاج اور دیکھ بھال کی فراہمی میں رکاوٹ واقع نہ ہو اور اس کا سلسلہ جاری رہے۔ مثال کے طور پر تربیت کار جسمانی نشوونما میں تاخیر کا شکار بچوں کے والدین کی راہنمائی کریں گے تاکہ بچوں کے افعال میں مسلسل بہتری لائی جاسکے۔ اس کے علاوہ ماہرین اس عالمی وبا کے دوران بچوں کے رویوں میں ظاہر ہونے والے مسائل سے نمٹنے میں والدین کی مدد کریں گے۔

تھیراپسٹس براہ راست سیشنز کے دوران ایسے نوجوانوں کو بھی مشورہ اور معاونت فراہم کریں گے جنہیں عالمی وبا کے دوران نفسیاتی مسائل کا سامنا ہے بالخصوص ذہنی تناؤ سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے مشاورت اور معاونت فراہم کی جائے گی۔

اے کے یو میں سائیکائٹری کی ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر عائشہ میاں نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا، "جسمانی یا ذہنی نشوونما اور رویوں کے مسائل کا شکار بچوں کو مستقل اور مخصوص توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس عالمی وبا کے باعث ذہنی امراض کے علاج کی بنیادی سہولیات تک رسائی مزید مشکل ہوگئی ہے۔ ہمارے اس اقدام کا مقصد علاج اور دیکھ بھال کی مستقل فراہمی کے لیے والدین کو مسلسل معاونت فراہم کرنا ہے۔"

کووڈ-19 کی وبا نے ایک غیر یقینی صورتحال کو جنم دیا ہے جس کے باعث متعدد افراد خوف اور ذہنی پریشانی میں مبتلا ہوگئے ہیں۔ تاہم ایسے والدین جن کے بچوں کو جسمانی اور ذہنی طور پر خصوصی دیکھ بھال درکار ہے، انہیں علاج کا سلسلہ معطل ہونے کے باعث بچوں کی نشوونما میں ہونے والے مسائل سے بھی نبرد آزما ہونا ہے۔

فاطمہ کریم اے کے یو میں ماسٹرز کی ایک طالب علم ہیں جو اس اقدام کے لیے بنیادی کردار ادا کر رہی ہیں۔ انھوں نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا، "آٹزم کا شکار بچے اس صورتحال سے متاثر ہو سکتے ہیں اور انھیں ابھی تک جو کچھ سکھایا گیا تھا، خطرہ ہے کہ وہ اسے بھول جائیں گے۔" انھوں نے مزید کہا، "ایسے بچے جو رویوں کے مسائل کا شکار ہیں اس دوران اپنے بہن بھائیوں اور پالتو جانوروں کے خلاف زیادہ جارحیت پسند ہو سکتے ہیں۔ بالغ نوجوان اس دوران موڈ، نیند یا بھوک کے مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ایسی صورتحال میں اگر علاج اور دیکھ بھال کی فراہمی میں وقفہ آجائے، تو مسائل میں اضافہ ہو سکتا ہے۔"

اے کے یو میں پیڈیاٹرک اینڈ چائلڈ ہیلتھ کی ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر سدرہ کلیم جعفری نے کہا، "ہم ایک ترقی یافتہ قوم ہیں اور اس وقت ایک مشکل صورتحال کا شکار ہیں۔ اے کے یو کا یہ اقدام موجودہ صورتحال کو یکسر تبدیل کر دے گا کیوں کہ اس کی مدد سے ہم ذہنی امراض کی دیکھ بھال اور علاج کے لیے موثر معاونت فراہم کر سکیں گے اور بچوں کی ضروریات کے مطابق (نہ کہ ان کے تشخیص شدہ امراض کی بنا پر) انہیں معاونت اور مشاورت فراہم کر سکیں گے۔" ڈاکٹر سدرہ کے مطابق، "ماہرین صحت کے لیے یہ ایک سنہری موقعہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو صحت عامہ کی فراہمی کی جدت طراز مہارتوں سے لیس کریں اور بچوں کی صحت اور دیکھ بھال کی فراہمی میں والدین کی مدد کریں۔"

والدین کو اس طرز کی معاونت کی فراہمی کے حوالے سے بات کرتے ہوِئے اے کے یو میں کمیونٹی ہیلتھ سائنسز کی پروفیسر اور اس پراجیکٹ کی بنیادی تفتیش کار ڈاکٹر سارہ سلیم نے بتایا کہ اس پراجیکٹ کو اس وقت تک جاری رکھا جائے گا جب تک لاک ڈاؤن میں نرمی نہیں کر دی جاتی۔

یہ اقدام ایک وسیع اشتراک پاکستان کووڈ مینٹل ہیلتھ ریسپانس کا حصہ ہے جس کے تحت مختلف پروگرامز کی مدد سے ایسے افراد کو ذہنی امراض کے مفت علاج کی خدمات فراہم کی جائیں گی جو اس عالمی وبا کے دوران متاثر ہوئے ہیں۔ اے کے یو کے کمیونٹی ہیلتھ سائنسز، سائکائٹری اور پیڈیاٹرکس اینڈ چائلڈ ہیلتھ کے ڈیپارٹمنٹس، تسکین ہیلتھ انیشی ایٹیو، انٹرایکٹیو ریسرچ اینڈ ڈیویلپمنٹ، سایہ ہیلتھ ٹیک اور صحت کراچی کے توسط سے دی کمیونٹی انوویٹیو ہب اس اشتراک میں شامل ہیں۔ اس پروگرام کو برٹش ایشین ٹرسٹ، کیئر ٹیک اور کوسارف چیریٹیبل فاؤنڈیشن کا تعاون حاصل ہے۔

والدین اور سرپرست camh@aku.edu پر ای میل بھیج کر یا ہیلپ لائن 37136019-021 پر فون کر کے مفت تربیتی سیشن کے لیے اپائنٹمنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔